# 03-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے یقین دہانی کرائی کہ اس ماہ کے آخر تک اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے دوسرے مرحلہ میں مکانات منظور کیٔے جائیں گے۔

۲۔راما گنڈم کول مائن پروجیکٹ کے لئے مرکزی ماحولیاتی وزارت نے ابتدائی منظوری دینے پر اتفاق ظاہر کیا ہے جس کی اطلاع سنگارینی ادارہ کے سی ایم ڈی ڈاکٹر بدھا پرکاش جیوتی نے دی۔

۳۔ریاستی حکومت کی جانب سے دی گئی یقین دہانی کے بعد ملازمین یونین کے قائدین نے اعلان کیا ہے کہ وہ پرسوں ہونے والے احتجاج کو واپس لے رہے ہیں۔

اور

۴۔سن رائزرس حیدرآباد اور کولکتہ نائٹ رائیڈرس کے درمیان آج حیدرآباد میں ہونے والے آئی پی ایل میاچ میں ٹاس جیت کر بیٹنگ لینے والی ٹیم سن رائزرس نے مقررہ 20 اوورس میں 165 رنوں پر ڈھیر ہوگئی۔

G. Kishan Reddy

وزیراعظم نریندر مودی کے تلنگانہ دورہ کے پیش نظر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے حیدرآباد کے مختلف علاقہ جات میں وال رائٹنگ کمپین کا افتتاح کیا۔اس موقع پر کشن ریڈی نے اس مہینہ کی 10 تاریخ کو سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں منعقد کیٔے جانے والے جلسہ عام میں بھاری تعداد میں شرکت کرنے عوام سے اپیل کی۔کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ میں بدعنوان اور خاندانی حکمرانی سے نجات کی ریاست کی عوام خواہش رکھتے ہیں۔ریاست میں ڈبل انجن کی حکومت آنے کا یقین ظاہر کیا۔

## IMD - Temperature

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آج ریاست کے مختلف علاقوں میں اوسط تا ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔ بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، ناگرکرنول اضلاع میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش قیاسی کی ہے۔ آئندہ دو دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں کوئی تبدیلی نہ ہونے کی بھی پیش قیاسی کی ہے جبکہ اس کے بعد 4 دنوں میں دو تا چار ڈگری تک درجہ حرارت کم ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ کل سب سے زیادہ 12 اضلاع میں 45 ڈگری سے زیادہ دن کا درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

## Cyberabad Commissioner

سائبرآباد میونسپل کمشنر جی سروجنا نے تجارتی اداروں مالس اور دیگر کاروباری مراکز ہوٹلوں، ریسٹورنٹس کے قریب لازمی طور پر کچرے کے ڈبوں کو قائم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس پر عمل نہ کرنے پر تجارتی اداروں کے ٹریڈ لائسنس کو منسوخ کرنے کا بھی انتباہ دیا۔ آج انہوں نے مادھو پور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سائبرآباد کے حدود میں صفائی کو خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ انجینئرنگ، ٹاؤن پلاننگ، اسپورٹس، ریونیو، سینی ٹیشن اور دیگر پروگراموں کے لئے تنظیمی کارروائیاں کی جارہی ہیں۔

## ORR - V Sajjanar

آؤٹر رنگ روڈ پر بڑھتے ہوئے حادثات کے ضمن میں گاڑیاں چلانے والوں کو حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے اہم احکامات جاری کئے ہیں۔ انہوں نے بریک ڈاؤن کے سوا کسی بھی حالت میں گاڑیوں کو آؤٹر رنگ روڈ پر نہ ٹھہرا کرنے کی ہدایت دی۔ اگر ضروری حالات میں فوری طور پر 14449 ہلپ لائن کو اطلاع دینے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ احکامات نیشنل

شاہراہوں کیلئے لاگو ہوں گے۔ ڈرائیورس کو اس معاملہ میں شعور بیداری پیدا کرنے کی بھی ہدایت دی۔ سبھا رنے کہا کہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے پر بڑے پیمانے پر جرمانہ عائد کیا جائے گا اور سخت کارروائی کی جائے گی۔

## SINGARENI - PERMISSIONS

راما گنڈم کول مائن پروجیکٹ کے لئے مرکزی ماحولیاتی وزارت نے ابتدائی منظوری دینے پر اتفاق ظاہر کیا ہے جس کی اطلاع سنگارینی ادارہ کے سی ایم ڈی ڈاکٹر بدھا پرکاش جیوتی نے دی۔ انہوں نے بتایا کہ سنگارینی کی تاریخ میں یہ ایک منفرد پروجیکٹ ہے جس کی سالانہ کوئلہ پیداوار کی صلاحیت 210 لاکھ ٹن رکھی گئی ہے اور اس کے لئے ابتدائی ماحولیاتی اجازت ملنے پر انہوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بند ہو رہی پرانی کانوں کی پیداوار کی تلافی کے لئے پہلے سے کم از کم اجازتیں حاصل دو اوپن کاسٹ کانوں اور تین زیرِ زمین کانوں کے دائرے میں 314 ملین ٹن ذخائر نکالنے کے لئے اس پروجیکٹ کو تیار کیا گیا ہے۔ ادارہ کا مقصد قدرتی نعمت کوئلہ کو زیادہ سے زیادہ مقدار میں نکالنا ہے۔

## VIVEK BHARADWAJ - PR SECRETARY

مرکزی وزارت پنچایت راج کے سکریٹری وویک بھردواج نے کہا ہے کہ ’خود کفیل بھارت‘ اور ’ترقی یافتہ بھارت‘ جیسے طویل مدتی اہداف کے حصول میں ’خود کفیل پنچایتوں‘ کا کردار نہایت اہم ہے۔ انہوں نے حیدرآباد میں واقع نیشنل انسٹیٹیوٹ آف رورل ڈیولپمنٹ اینڈ پنچایت راج میں منعقدہ ’خود کفیل پنچایت پروگرام‘ میں کلیدی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نچلی سطح کی حکمرانی میں تبدیلی لانے والی قوت کو اجاگر کرتے ہوئے خود انحصاری اور با اختیار پنچایتوں کے تعاون سے اس وژن کو حقیقت بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی میں پنچایتیں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں اور

عوام میں بیداری پیدا کرنے میں ان کا بڑا کردار ہے۔ انہوں نے پنچایت کے قائدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے علاقوں میں بامعنی اور دیرپا اثرات پیدا کرنے کے لئے اختراعی خیالات کے ساتھ فیصلہ کن انداز میں کام کریں۔

## Weather

حیدرآباد کے علاقائی محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آج عادل آباد، جنگاؤں، کریم نگر، کھمم، کمرم بھیم آصف آباد، محبوب آباد، منچریال، ملگ، سوریہ پیٹ، ورنگل، ہنمکنڈہ اضلاع میں فی گھنٹہ 40 کلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔ اس کے علاوہ بھدرادری کوتہ گوڑم، نلگنڈہ، سدی پیٹ، یادادری بھونگیر اضلاع میں بھی فی گھنٹہ 60 کلومیٹر کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے اور گرج و چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیش قیاسی کی ہے۔ اِن اضلاع کو آرینج الرٹ بھی جاری کیا۔

## Press Freedom

آج عالمی یومِ آزادی صحافت منایا جارہا ہے۔ یہ دن دنیا بھر میں پریس کی آزادی کو فروغ دینے اور اس کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر صحافتی آزادی کے حق میں نئے پروگرام ترتیب دینے اور میڈیا کی آزادی کے بارے میں آگاہی بڑھانے کا مقصد رکھا جاتا ہے۔ اس سال کا موضوع پرامن مستقبل کی تشکیل ہے۔

## Withdrawal of Protests

ریاستی حکومت کی جانب سے دی گئی یقین دہانی کے بعد ملازمین یونین کے قائدین نے اعلان کیا ہے کہ وہ پرسوں ہونے والے احتجاج سمیت تمام قسم کے احتجاجی پروگرام واپس لے رہے ہیں۔ تلنگانہ ملازمین یونین جے اے سی اور تلنگانہ ایمپلائز جوائنٹ اسٹاف کونسل کے قائدین سے

کل رات وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت کے اقتدار میں آتے ہی ملازمین کو ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو تنخواہیں دینے کے اقدامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گزشتہ دو برسوں میں 67,760 ملازمتیں فراہم کی گئی ہیں اور سو دن کے اندر ریٹائرمنٹ فوائد کے تحت 6 ہزار کروڑ روپے ادا کیے جائیں گے۔ جون تک ملازمین کو ہیلتھ سیکیورٹی کارڈز فراہم کرنے کا بھی تیقن کیا گیا۔

## Governor

حیدرآباد کے نامپلی میں واقع ایگزی بیشن گراؤنڈز میں آج منعقدہ مفت مصنوعی اعضا کی تقسیم کے کیمپ کا افتتاح گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کیا۔ یہ کیمپ نارائنا سیوا سنستھان کی قیادت میں میک اے چینج فاؤنڈیشن اور شری سوامی نارائنا مندر جیسے سی ایس آر کے اشتراک سے منعقد کیا گیا جس میں 745 مستحقین کو 815 نارائنا ماڈیولر مصنوعی اعضا اور کیلپرس تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر منعقدہ پریڈ میں گورنر نے خود مستفید افراد سے بات چیت کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔

## Launch of Pre-Primary Schools

آصف آباد ضلع میں قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے نفاذ کے تحت پری پرائمری اسکولوں کا آغاز کیا جارہا ہے۔ ضلع اکیڈمک کوآرڈنیٹر اپپلیٹی سرینواس نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے یہ بات بتائی۔

Sound Byte- District Academic Coordinator Uppuleti Srinivas

## Health Insurance

ریاست بھر میں ضلعی عدالتوں اور ہائی کورٹ میں پریکٹس کرنے والے تمام وکلاء کے لئے صحت بیمہ اسکیم فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ تلنگانہ ہائی کورٹ ایڈوکیٹس اسوسی ایشن نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ 2019 کے بعد شامل ہونے والے اور اس وقت اسکیم سے باہر وکلاء سمیت

سب کو اس کے فوائد دئے جائیں۔ اسوسی ایشن کے رہنماؤں نے اس سلسلہ میں قانونی سکریٹری پاپی ریڈی کو ایک یادداشت پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء غریبوں اور ناانصافی کا شکار افراد کو انصاف دلانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لئے ان کی فلاح پر توجہ دینا ضروری ہے۔

## Shooting Incident Sparks Panic in Karimnagar

کریم نگر میں ایک جیولری شاپ میں مسلح افراد داخل ہوکر فائرنگ کرتے ہوئے بھاری مقدار میں زیورات لوٹ کر فرار ہوگئے جس سے علاقہ میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ دو موٹر سائیکلوں پر آئے چار حملہ آوروں نے دکان کے عملہ پر گولیاں چلائیں۔ اس واقعہ میں دوکان میں کانے والے بعض ملازم زخمی ہوگئے۔ حملہ آور قیمتی زیورات لے کر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو علاج کے لئے اسپتال منتقل کیا گیا۔ اسی دوران کریم نگر میں ترقیاتی پروگراموں میں مصروف مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقام پر پہنچ کر تفصیلات حاصل کیں اور پولیس حکام سے بات چیت کی۔

## Food Grains Purchase

محکمہ سیول سپلائز کے عہدیداروں نے کہا کہ ریاست بھر میں واقع 8 ہزار 575 اناج کی خریداری کے مراکز کے ذریعہ اب تک 12 لاکھ 38 ہزار میٹرک ٹن اناج کی خریداری کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے تحت کسانوں کو اقل ترین امدادی قیمت کے تحت 1,129 کروڑ سے زائد رقم ادا کی گئی ہے۔

## NEET Examination

آج ملک بھر میں منعقد ہونے والا نیٹ امتحان ریاست میں پرامن طور پر اختتام پذیر ہوا۔ یہ امتحان دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہا جس میں حکام نے ایک منٹ کے اصول کو سختی سے عمل کیا۔ ریاست بھر کے 24 شہروں میں قائم 199 مراکز پر نیٹ امتحان منعقد کیا گیا۔ حکام کے مطابق

صرف حیدرآباد میں ہی 69 امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے۔تلنگانہ میں تقریباً 73 ہزار طلبہ نے اس امتحان کے لئے درخواست دی تھی۔

Ponguleti

ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ عوام کو دفاتر کے چکر لگانے کی ضرورت نہ پڑے اس کے لئے حکومت ایسے اقدامات کررہی ہے جن کے تحت افسران خود عوام کے پاس جا کر مسائل حل کریں گے۔انہوں نے ضلع کھمم کے کوسومنچی میں آج منعقدہ پرجا دربار پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ڈھائی برسوں میں غریبوں کی فلاح کے لئے متعدد اسکیمیں نافذ کی گئی ہیں۔ان اسکیموں کو عوام کے مزید قریب لانے کے لئے 99 دنوں پر مشتمل عوامی حکمرانی اور ترقی کے منصوبہ کے پروگرام کو شروع کیا گیا۔وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ اس ماہ کے آخر تک اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے دوسرے مرحلہ میں مکانات منظور کئے جائیں گے۔

IPL

سن رائزرس حیدرآباد اور کولکتہ نائٹ رائیڈرس کے درمیان آج حیدرآباد میں ہونے والے آئی پی ایل میاچ میں ٹاس جیت کر بیٹنگ لینے والی ٹیم سن رائزرس نے مقررہ 20 اوورس میں 165 رنوں پر ڈھیر ہوگئی جبکہ کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو جیت کیلئے 166 کا نشانہ دیا ہے۔

○○